# اسرار الاولیاء

ملفوظات

حضرت خواجہ فریدالدین گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ

مرتبہ

حضرت خواجہ بدر اسحاق رحمۃ اللہ علیہ

ناشر

مکتبہ جام نور

۴۲۲، مٹیا محل، جامع مسجد دہلی ۶

اردو ترجمہ کتاب

# اسرار الاولیاء

یعنی ملفوظات زاہد الاتقیاء سراج الاولیاء حضرت خواجہ فرید الدین گنجشکر مسعود
اجودھنی چشتی رحمۃ اللہ علیہ

مرتبہ

## حضرت خواجہ بدر اسحق رحمۃ اللہ علیہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ الذی نور قلوب العارفین بنور معرفتہ و فضل احوال المحبین علی العاملین بکمال فضلہ و حکمتہ۔ بے حد ثنا اس خالق کو جس کے فضل کے فیض سے صاحب المکارم سلطان الاولیاء قطب العالم وارث الانبیاء تاج الاصفیاء شمس العارفین فرید الحق والشرع والدین دام اللہ تقوی کے الفاظ در بارہ کے فوائد جو میں نے سنے لکھے اور ان کا نام اسرار الاولیاء رکھا۔

بعد ازاں بندہ درویشاں خادم الفقراء والمساکین جران معانی کا جمع کنندہ ہے عرض

لے بیسا عاقی

کرتا ہے۔ اس کا کوئی گناہ نہیں لکھا جاتا۔

پھر فرمایا کہ سچی محبت ان کی پیروی ہے۔ جب کوئی ان سے محبت کرے گا۔ تو ضرور ان کی متابعت کرے گا۔ اور ناشائستہ حرکات سے باز رہے گا۔ اور جب یہ حالت ہوگی۔ تو اس کا گناہ نہیں لکھا جائے گا

پھر فرمایا کہ ایک مرتبہ کوئی شخص روانہ ہوا۔ کہ دہلی جا کر خواجہ قطب الدین بختیار اوشی کی خدمت میں توبہ کرے۔ اثنائے راہ میں ایک رنڈی اس کے ہمراہ ہولی۔ جو یہ چاہتی تھی کہ کسی طرح اس مرد سے تعلق ہو جائے۔ چونکہ مرد کی نیت صادق تھی۔ اس کی طرف توجہ بھی نہ کی۔ آخر ایک منزل میں جب وہ ایک ہی کجاوے میں سوار ہوئے۔ تو وہ عورت اس کے پاس بیٹھ گئی اور کوئی پردہ یا مزاحمت بیچ میں نہ تھی۔ شاید مرد نے اس سے کوئی بات کی یا ہاتھ لگایا۔ اسی وقت دیکھا کہ ایک مرد نے آکر اس کے منہ پر تھپڑ مارا۔ اور کہا کہ فلاں پیر کی خدمت میں توبہ کی نیت سے جاتا ہے۔ اور پھر ایسی حرکات کرتا ہے۔ اس نے فوراً توبہ کی اور اس عورت کی طرف پھر دیکھا تک نہیں۔ جب وہ خواجہ قطب الدین صاحب کی خدمت میں حاضر ہوا۔ تو پہلے ہی آپ نے فرمایا کہ اس روز اللہ تعالیٰ نے تجھے بڑا بچایا۔

پھر فرمایا کہ اسی طرح ایک آدمی مرید ہونے کی نیت سے دہلی سے اجودھن میرے پاس آ رہا تھا کہ راستے میں ایک عورت سے دست درازی کرنی چاہی۔ اسی وقت غیب سے ایک ہاتھ نمودار ہوا۔ اور اس کے چہرے پر تھپڑ مار کر کہا کہ تو مرید ہونے کی نیت سے جاتا ہے۔ اور فعل ایسے کرتا ہے۔

الغرض جب وہ میرے پاس آیا۔ تو میں نے کہا کہ دیکھ! اللہ تعالیٰ نے تجھے اس نیت سے کیسے بچایا۔

پھر فرمایا کہ علماء اور مشائخ کی دوستی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی دوستی ہے۔ پس اے درویش! جو شخص سات روز خلوص دل سے علماء کی خدمت کرتا ہے۔ گویا سات ہزار سال اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتا ہے

پھر فرمایا کہ ابلیس لعین سب کو دھوکا اور فریب دے جاتا ہے۔ لیکن علماء اور مشائخ کو نہیں